تبصرے

پاکستان، ایک قوم (انگریزی) از جناب الحمزہ صاحب۔ ضخامت ۱۲۵ صفحات ٹائپ عمدہ اور جلی خوبصورت مجلد قیمت تین روپیہ۔ پتہ :۔ شیخ محمد اشرف صاحب، ناشر کتب لاہور۔

آج کل پاکستان کا نام ہر چھوٹے بڑے مسلمان کی زبان پر ہے، جو لوگ اس کے مخالف ہیں وہ "متحدہ قومیت" کا نظریہ پیش کرتے ہیں، زیر تبصرہ کتاب میں جناب مولف نے یہ بتلایا ہے کہ جو قومیں ہندوستان میں آباد ہیں وہ کس طرح ایک دوسرے سے جغرافیائی، لسانی، معاشرتی اور مذہبی و اقتصادی اعتبار سے مختلف ہیں۔ ساتھ ہی ساتھ جناب مولف ہندوستان کو یورپ سے منطبق بھی کرتے گئے ہیں اور اس سے انھوں نے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ جب یورپ کے باشندے ایک ہی "سفید فام خاندان" سے متعلق ہونے کے باوجود مختلف قومیتوں میں بٹے ہوئے ہیں، تو پھر ہندوستان میں تو رنگ برنگ کے لوگ آباد ہیں۔ ان سب کو کس طرح ایک قوم بنایا جا سکتا ہے فاضل مولف نے یہ بھی ثابت کیا ہے کہ یورپ کی موجودہ صنعتی و حرفتی اور علمی ترقی کا راز بھی قومیتوں کا اختلاف ہے۔ اگر ہندوستان کو بھی مختلف قوموں میں بانٹ دیا جائے تو پھر ہمارا ملک بھی ترقی کر سکتا ہے۔ کتاب بحیثیت مجموعی پاکستان بلکہ زیادہ صحیح یہ ہے کہ نظریۂ اقوام مختلفہ کے متعلق ایک سنجیدہ اور پر از معلومات بحث پر مشتمل ہے۔ اور ہماری رائے میں اگرچہ اس کے بعد بھی مجالِ گفتن بہت کچھ باقی رہتی ہے تاہم کتاب اس لائق ہے کہ موافق و مخالف ہر ایک ٹھنڈے دل کے ساتھ اس کا مطالعہ کرے۔ اچھا ہوتا کہ مصنف بجائے "الحمزہ" لکھنے کے اپنا پورا نام ظاہر کر دیتے۔ کیونکہ پاکستان کی حمایت کوئی منصور کا نعرۂ اناالحق تو نہیں ہے کہ اس کی پاداش میں دار و رسن کا خوف دامنگیر ہو